بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اشارات

(۴)

انتخابات کی ڈکشنری میں کامیابی کا لفظ عام طور پر یہ معنی رکھتا ہے کہ کسی جماعت کے ٹکٹ پر کھڑے ہونے والے امیدوار کتنی تعداد میں انتخاب کی بازی جیت گئے۔ لیکن جماعت اسلامی کی ڈکشنری میں لفظِ کامیابی کا مفہوم دوسرا ہے۔ جو جماعت اقامتِ دین کا کام کرنے اٹھی ہو، اس کی مساعی کا اس حد تک نتیجہ خیز ہونا کہ عملاً مطلوبہ تبدیلیاں واقع ہو جائیں اور دینِ حق کو پورا پورا غلبہ حاصل ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک انعام ہے۔ لیکن جماعت کی اصل ذمہ داری دعوت کو بندگانِ خدا تک پہنچا دینے اور اصولِ اسلام کے برحق اور مفید ترین ہونے کی قولی و عملی شہادت دینے پر ختم ہو جاتی ہے۔ شہادتِ حق کے اس فرض کو صحیح معنوں میں ادا کرنے کے تقاضے اگر کسی جماعت نے پورے کر دیئے ہوں تو اس نے بازی مار لی اور جس نے اس میں کوئی کوتاہی دکھائی اس نے کھیل ہر دیا۔ اسلام کی علمبرداری کی سعادت دنیا میں جس فرد اور جس جماعت کو بھی حاصل ہوئی ہے اس کے سامنے کامیابی و ناکامی کا یہی نقطۂ نظر رہا ہے اور اسی نقطۂ نظر کو لے کر ہم لوگ جدوجہد کرنا چاہتے ہیں۔

ہماری پوری کوشش آئندہ انتخابات میں یقیناً یہی ہوگی کہ ہم ملک و ملت کو غیر صالح قیادت سے نجات دلا کر ایک نئی صالح قیادت کو بروئے کار لائیں، لیکن اس کوشش میں ہمارے نزدیک اصل کامیابی یہ ہے کہ ہم اسلام کے انتخابات کے اصولوں کا عملی مظاہرہ کرنے میں کوئی کوتاہی نہ دکھائیں۔ اللہ نے اگر شہادت حق کے فرض کو ادا کرنے کی توفیق ہمیں دی تو پھر ہمارے لئے ناکامی کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا — چاہے جماعتِ اسلامی کا ایک فرد بھی اسمبلی کی نشست حاصل نہ کر سکے۔

جماعت اسلامی کے سامنے سوال عہدوں کی کرسیوں کا نہیں، چند شخصیتوں کو ابھارنے اور چند دوسری شخصیتوں کو شکست دینے کا نہیں، کسی گروہ کو کسی گروہ سے ٹکرانے کا نہیں، بلکہ اس کا منتہا صرف اسلام کے اصولوں کی حقانیت و صداقت اور ان کی افادیت کا پورا پورا ثبوت قوم اور دنیا کے سامنے فراہم کر دینا ہے — یہاں تک کہ خدا کے بندوں پر اس دینِ حق کی حجت پوری ہو جائے۔